فوری ریلیز کے لیے: 2023/24/10 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ قابل تجدید توانائی میں قوم کی تاحال سب سے بڑی ریاستی سرمایہ کاری کو نیو یارک میں آگے بڑھایا جا رہا ہے

تین آف شور ونڈ اور 22 زمین پر قائم شدہ قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس جو مجموعی طور پر 6.4 گیگا واٹ ہو جائے گی یہ پروجیکٹس نیو یارک کے 2.6 ملین گھروں کو بجلی فراہم کریں گے اور 2030 میں نیو یارک کی بجلی کی ضروریات کا 12 فیصد فراہم کریں گے

ان پروجیکٹس سے تقریباً 8,300 خاندان پالنے والی ملازمتیں پیدا کرنے اور ریاست بھر میں اقتصادی ترقی کی سرمایہ کاری میں 20$ بلین شامل کرنے کی توقع کی جا رہی ہے، جس میں پسماندہ کمیونٹیز کی مدد کے لیے ڈویلپر کی جانب سے پرعزم سرمایہ کاری شامل ہے

ریاست کی جانب سے 300$ ملین کے وعدے کے ساتھ ملک کی پہلی آف شور ونڈ بلیڈ اور نیسیل مینوفیکچرنگ کی سہولیات کو آگے بڑھایا جائے گا اور اضافی 668$ ملین کی پرائیویٹ فنڈنگ حاصل کی جائے گی

2030 تک ریاست کی بجلی کا 70 فیصد قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کی خاطر نیو یارک کے موسمیاتی ایکٹ کے ہدف کی جانب پیش رفت کی حمایت کی جائے گی

2030 میں نیو یارک کی بجلی کی 79 فیصد ضروریات کو قابل تجدید توانائی سے پورا کیا جائے گا

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست ہائے متحدہ کی تاریخ میں قابل تجدید توانائی میں سب سے بڑی ریاستی سرمایہ کاری کی جائے گی، جو صاف توانائی کی جانب منتقلی کو آگے بڑھانے میں نیو یارک کی قیادت کا مظہر ہے۔ ان مشروط ایوارڈز میں تین آف شور ونڈ اور 22 زمین پر قائم شدہ قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس شامل ہیں جو مجموعی طور پر 6.4 گیگا واٹ صاف توانائی پیدا کرتے ہیں، جو نیو یارک کے 2.6 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہو گی اور مکمل ہونے کے بعد نیو یارک کی بجلی کی ضروریات کا تقریباً 12 فیصد فراہم کریں گے۔ جب دو مارکی آف شور ونڈ بلیڈ اور نیسیل مینوفیکچرنگ کی سہولیات کے ساتھ ملا کر کام کیا جائے گا، تو نئے اعلان کردہ ان پروجیکٹس کے اس پورٹ فولیو سے تقریباً 8,300 خاندانوں کو پالنے والی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور ریاست بھر میں معاشی ترقی کی سرمایہ کاری میں 20$ بلین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، جس میں ڈویلپر کی جانب سے پسماندہ کمیونٹیز کی مدد کے لیے پرعزم سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ آج کا اعلان 2030 تک ریاست کی 70 فیصد بجلی قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کے نیو یارک کے ہدف کی طرف پیش رفت کی حمایت کرتا ہے – اور یہ 2035 تک نو گیگا واٹ آف شور ونڈ سے حاصل کیا جائے گا – جو کہ ایک صفر اخراج والے گرڈ کے لیے راہ استوار کرتا ہے، جیسا کہ موسمیاتی رہنمائی اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کا تقاضا ہے۔ ان تفویضات کے بعد، نیو یارک کے پاس اب کافی موزوں آپریٹنگ، معاہدہ شدہ، اور ترقیاتی قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس موجود ہوں گے تاکہ ریاست کی 2030 کی بجلی کی ضروریات کا 79 فیصد قابل تجدید توانائی کے ساتھ فراہم کیا جائے۔

"نیو یارک کی جانب سے ہماری قوم کی صاف توانائی کی طرف منتقلی کے لیے رفتار طے کی جا رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس قدر بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرنا، محض موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے سے کہیں

زیادہ ہے - ہم اچھی تنخواہ والی یونین ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں، اپنے الیکٹرک گرڈ کی قابلِ اعتبار صلاحیت کو بہتر بنا رہے ہیں، اور پسماندہ کمیونٹیز میں اہم مراعات پیدا کر رہے ہیں۔ آج، ہم نیو یارک کے ماحولیاتی اہداف کو اپنی رسائی میں رکھنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، جس کے نتیجے میں قوم کے لیے اس بات کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ عالمی اقتصادی چیلنجوں کے تناظر میں کس طرح دوبارہ ترتیب دی جائے گی اور ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک سرسبز اور زیادہ خوشحال مستقبل کی طرف گامزن ہونا ہے۔"

امریکی سیکرٹری برائے توانائی Jennifer M. Granholm نے کہا، "محکمۂ توانائی اس اہم اقدام کی تعریف کرتا ہے کہ یہاں امریکہ میں ایک آف شور ونڈ توانائی کی انڈسٹری کی تعمیر کے لیے اس اعلان سے اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ یہ ہمارے صاف توانائی کے مستقبل کو آگے بڑھاتے ہوئے، گھریلو مینوفیکچرنگ اور ساحلی معیشتوں کو زندگی بخشتا ہے۔ نیو یارک کی جانب سے صدر Biden کے امریکہ کے کام کے ایجنڈا میں سرمایہ کاری کا اظہار کیا جا رہا ہے، اور DOE اس بات کا منتظر ہے کہ پروجیکٹ کی تعیناتی، ایک مضبوط گھریلو سپلائی چین کی ترقی کے ساتھ ٹرانسمیشن کی ترقی پر تعاون جاری رکھا جائے تاکہ ہمارے ریاستی اور وفاقی آف شور ونڈ دونوں اہداف کو حاصل کرنے میں مدد ملے۔"

جب ایک بار سروس شروع ہو جائے گی، تو ایوارڈ یافتہ آف شور ونڈ اور زمین پر قائم شدہ قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس درج ذیل کام کریں گے:

- ہر سال تقریباً 19 ملین میگا واٹ-گھنٹے نئی قابل تجدید توانائی پیدا کی جائے گی، جو نیو یارک کے 2.6 ملین سے زیادہ گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہو گی۔
- گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو سالانہ 9.4 ملین میٹرک ٹن کم کر دیا جائے گا، جو کہ ہر سال 2 ملین سے زیادہ گاڑیوں کو سڑک سے ہٹانے کے برابر ہے۔
- صحت عامہ کی مراعات فراہم کی جائیں گی جس کے نتیجے میں نقصان دہ آلودگیوں کا سامنا ہونے کی صورت حالوں میں کمی واقع ہوتی ہے — جس میں بیماری اور قبل از وقت موت کی کم صورتیں پیدا ہوں گی، اسکول یا کام کے ضائع ہونے والے دنوں میں کمی آئے گی، کاروبار میں کم خلل پڑے گا، اور نگہداشتِ صحت کے لیے اخراجات میں کمی آئے گی۔
- موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کے مطابق پسماندہ کمیونٹیز کو بہت سی مراعات فراہم کی جائیں گی، جس میں ڈویلپرز کی طرف سے پسماندہ کمیونٹیز کے لیے 3.5$ بلین سے زیادہ کے وعدے کیے گئے ہیں۔

ریاست نیو یارک کی اتھارٹی برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کے ایوارڈز کا یہ تازہ ترین اور سب سے بڑا دور، اس بات کا مزید ایک ثبوت ہے کہ نیو یارک ہی ایک ایسی جگہ ہے، اور رہے گی جہاں قابل تجدید توانائی کا شعبہ ترقی کر سکتا ہے۔ بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس کا یہ مجموعہ، نیو یارک کی دیرینہ اور جاری ترجیحات کی عکاسی کرتا ہے کہ سب سے زیادہ لاگت والے مسابقتی اور اقتصادی طور پر قابل عمل صاف توانائی کے پروجیکٹس کو ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھایا جائے جو بروقت ہوں اور نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے مراعات میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کیا جائے۔"

آج کا اعلان نیو یارک کے 10 نکاتی ایکشن پلان کے حصے کے طور پر ریاست کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کے پہلے مجموعے کی نمائندگی کرتا ہے، جس کا اعلان حال ہی میں گورنر Hochul کی جانب سے کیا گیا تھا، جس میں یہ رائے پیش کی گئی ہے کہ قابلِ تجدید توانائی کے شعبے کو متاثر کرنے والے حالیہ معاشی اور افراط زر کے چیلنجوں پر قابو پانے کے لیے گورنر کی انتظامیہ کس طرح منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ آج کے ایوارڈز سے ایوارڈ یافتہ فریقین کے ساتھ معاہدے کی بات چیت کے آغاز کی بھی نشاندہی ہوتی ہے، اور یہ ایوارڈز، کامیاب معاہدے پر عمل درآمد سے مشروط ہیں۔

ان پروجیکٹس سے نیو یارک کے شہریوں کے لیے معیاری، خاندان پالنے والی ملازمتیں پیدا کرنے کو یقینی بنانے کے لیے ریاست کی وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے، مکمل عمل درآمد ہونے کے بعد ان معاہدوں میں کم از کم امریکی لوہے اور فولاد کی خریداری کے وعدے اور کام کرنے والے تمام مزدوروں، کارکنوں اور تعمیراتی سرگرمیاں انجام دینے والے مکینکس کے لیے مروجہ اجرت کے انتظامات شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ، آف شور ونڈ پروجیکٹ

ڈویلپرز سے درکار ہو گا کہ اپنے تعمیراتی ٹھیکیداروں اور نئے قابل تجدید توانائی پیدا کرنے کے وسائل کی تعمیر کے لیے ہنرمند کارکنوں کی نمائندگی کرنے والی عمارتوں اور تعمیراتی تجارتی مزدور تنظیم کے درمیان پروجیکٹ لیبر کے معاہدے پر بات چیت کریں۔

آف شور ونڈ میں قوم کی اب تک کی سب سے بڑی ریاستی سرمایہ کاری
امریکہ میں انتہائی مسابقتی آف شور ونڈ کی درخواست میں، NYSERDA نے صاف توانائی کے تین نئے آف شور ونڈ پروجیکٹس کا انتخاب کیا ہے جو کُل 4,032 میگاواٹ (megawatts، MW) پیدا کریں گے جس سے سالانہ 7 ملین میٹرک ٹن سے زیادہ کی CO_2 کی منتقلی کی توقع ہے، جو کہ 1.6 ملین کاڑیوں کو ہر سال سڑکوں سے ہٹانے کے برابر ہے۔ مزید برآں، ایوارڈ کیے گئے پروجیکٹس سے 15$ بلین سے زیادہ متوقع اندرونِ ریاستی قابلِ خرچ رقوم آئیں گی اور ان پروجیکٹس کی 25 سالہ مدت کے دوران لانگ آئی لینڈ، نیو یارک شہر اور دارالحکومتی علاقے میں 4,200 سے زائد خاندانوں کو استحکام دینے والی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

ان تین آف شور ونڈ پروجیکٹس میں یہ شامل ہیں:
- **اٹنٹیو انرجی ون** (1,404 میگاواٹ) جسے ٹوٹل انرجیز، رائز لائٹ اینڈ پاور اور کوریو جنریشن نے تیار کیا ہے۔ اس پروجیکٹ میں کوئینز میں معدنی ایندھن کو دوبارہ استعمال میں لانے کا منصوبہ شامل ہے، جو نیو یارک شہر کے وسط میں معدنی ایندھن سے بجلی پیدا کرنے کے طریقوں کو معطل کرنے اور موجودہ افرادی قوت کو صاف توانائی کی حامل ملازمتوں میں منتقل کرنے کا خواہاں ہے۔
- **کمیونٹی آف شور ونڈ** (1,314 میگاواٹ) جسے RWE آف شور رینیوایبلز اور نیشنل گرڈ وینچرز کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔ اس پروجیکٹ میں بروکلین کے مرکز میں کون ایڈیسن کی طرف سے تیار کیے جانے والے نئے گرڈ انٹر کنکشن کا استعمال شامل ہے، جسے پبلک سروس کمیشن کے حکم سے کلین انرجی ہب کے لیے لاگت کی وصولی کی منظوری کے ذریعے ممکن بنایا گیا ہے تاکہ نیو یارک شہر میں صاف بجلی کی زیادہ سے زیادہ ترسیل کی جا سکے۔
- **ایکسیلسیئر ونڈ** (1,314 میگاواٹ) جسے وائن یارڈ آف شور (کوپن ہیگن انفرا اسٹرکچر پارٹنرز) کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔ اس پروجیکٹ میں کیبل روٹ کے مجوزہ آپشنز شامل ہیں جو لانگ آئی لینڈ کو پرزور انداز میں توانائی کی فراہمی کرتے ہیں، جبکہ لانگ آئی لینڈ پبلک پالیسی ٹرانسمیشن کی ضرورت کے نتائج کے ذریعے فراہم کردہ الیکٹرک گرڈ کی توسیع کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

باہم مل کر، یہ پروجیکٹس نیو یارک کی معیشت، افرادی قوت اور ماحولیات کے لیے زبردست فائدے لائیں گے، جن میں شامل ہیں:
- جنگلی حیات اور ماہی گیری کی تحقیق، تخفیف اور اضافے کے لیے 85$ ملین سے زیادہ۔
- اقلیتی اور خواتین کی ملکیت والے کاروباری اداروں (Minority and Women Owned Business Enterprises، MWBEs) اور سروس سے معذور سابق فوجیوں کے کاروباری اداروں (Service-Disabled Veteran Owned Businesses، SDVOBs) کے لیے تقریباً 300$ ملین۔
- آف شور ونڈ پروجیکٹس بنانے اور انہیں سروس فراہم کرنے کے لیے نیو یارک کی افرادی قوت کو تربیت دینے کے لیے 100$ ملین سے زیادہ وعدہ کردہ رقوم۔
- صحت عامہ کی مراعات میں کئی بلین ڈالرز خرچ کیے جائیں گے جس کے نتیجے میں نقصان دہ آلودگیوں کا سامنا ہونے کی صورت حالوں میں کمی واقع ہوتی ہے — جس میں بیماری اور قبل از وقت موت کی کم صورتیں پیدا ہوں گی، اسکول یا کام کے ضائع ہونے والے دنوں میں کمی آئے گی، کاروبار میں کم خلل پڑے گا، اور نگہداشتِ صحت کے لیے اخراجات میں کمی آئے گی۔

ان پروجیکٹس میں لچکدار اور اختراعی ٹرانسمیشن ڈیزائنز کا ایک مرکب استعمال کیا جاتا ہے، جس میں ہائی وولٹیج ڈائریکٹ کرنٹ (HVDC) اور موافقت پذیر "میشڈ-ریڈی" آف شور برقی سب اسٹیشنز کے ذریعے نیو یارک شہر کو توانائی کی ترسیل میں آف شور ونڈ پروجیکٹس کی جانب سے توانائی کی ترسیل میں ایک تخفیف کردہ فٹ پرنٹ شامل ہے۔ ان تین آف شور ونڈ پروجیکٹس کے بارے میں متوقع ہے کہ یہ 2030 میں کمرشل آپریشن میں داخل ہو جائیں گے۔ پروجیکٹس کے عرصۂ حیات کے دوران صارفین کے لیے اوسط بل کا اثر تقریباً 2.73 فیصد، یا تقریباً 2.93$

فی مہینہ ہو گا۔ معاہدوں کے عرصۂ حیات کے دوران ایوارڈ یافتہ آف شور ونڈ پروجیکٹس کی اوسط ترقیاتی لاگت 96.72$ فی میگا واٹ-گھنٹے ہے۔

اٹینٹیو انرجی کے مینیجنگ ڈائریکٹر Damian Bednarz نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، ریاست نیو یارک آف شور ونڈ انڈسٹری میں بے مثال سرمایہ کاریاں کر رہی ہے۔ کمیونٹی میں چلنے والا پروجیکٹ فراہم کرنے کے اس تاریخی موقع پر اٹینٹیو انرجی ون پروجیکٹ کے اسپانسرز پرجوش اور شکر گزار ہیں جو ریاست بھر میں اربوں ڈالر کی اقتصادی سرگرمیوں اور کروڑوں کی کمیونٹی کی سرمایہ کاری کو فروغ دے گا۔ آئیے ایک ایسے پروجیکٹ کی ترسیل کے لیے کام کریں جس پر نیو یارک کے تمام شہری فخر کر سکیں۔"

کمیونٹی آف شور ونڈ کے صدر اور پروجیکٹ ڈائریکٹر Doug Perkins نے کہا، "کمیونٹی آف شور ونڈ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ NYSERDA نے ہمیں نیو یارک کے آف شور ونڈ منصوبے کو حقیقت بنانے میں ایک کلیدی شراکت دار کے طور پر منتخب کیا ہے اور ریاست کے ماحولیاتی اور صاف توانائی کے جرات مندانہ اہداف کو آگے بڑھانے میں آج کی اس رفتار پر ہم گورنر Hochul کو مبارکباد دیتے ہیں۔ مقامی طور پر ہماری مضبوط جڑوں کی وجہ سے ہمارے لیے ممکن ہوا ہے کہ ہم ایسے پروگرامز ڈیزائن کر سکیں جو صاف توانائی کی منتقلی کے مواقع تک مساوی رسائی کو یقینی بنائیں گے، اور ہم نیو یارک میں پسماندہ کمیونٹیز کے لیے نئی، اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرنے سے لے کر ایک مقامی سپلائی چین اور ایسے معاشی فوائد تک فوری طور پر فراہمی کے منتظر ہیں جو کہ آنے والی نسلوں تک قائم رہیں گے۔"

وائن یارڈ آف شور کے CEO Lars T. Pedersen نے کہا، "ہمیں اعزاز حاصل ہے کہ Hochul انتظامیہ نے ہمارے ایکسیلسیئر ونڈ پروجیکٹ کو منتخب کیا ہے اور ہماری صنعت کے ساتھ مسلسل وابستگی پر ہم گورنر کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ایکسیلسیئر ونڈ کی جانب سے صاف اور سستی توانائی فراہم کی جائے گی، اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی اور عوامی صحت میں بہتری دونوں کو تقویت ملے گی۔ ہم شکر گزار ہیں کہ NYSERDA نے پروجیکٹس فراہم کرنے کی ہماری مصدقہ صلاحیت پر بھروسہ کیا ہے اور ہم امپائر اسٹیٹ میں ریاستی اور مقامی حکومتی ایجنسیوں، قبائلی اقوام، مقامی کمیونٹیز، ماہی گیروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔"

امریکی آف شور ونڈ سپلائی چین کا مرکز بنانے کے گورنر Hochul کے عزم کو پورا کرتے ہوئے، اس خریداری میں آف شور ونڈ ٹربائن مینوفیکچرنگ کے لیے مسلسل تعاون شامل ہے، جو نیو یارک کی پبلک فنڈنگ کے ہر 1$ کے لیے نجی طور پر پابند سرمائے میں 2$ سے زیادہ کا فائدہ اٹھاتا ہے۔

NYSERDA کی جانب سے ریاستی سرمایہ کاری میں 300$ ملین کی رقم بھی تفویض کی جا رہی ہے تاکہ دو سپلائی چین والی سہولت گاہیں جن میں GE ورنووا کی طرف سے نیسیل مینوفیکچرنگ اور اسمبلی کے کام میں ترقی کے ساتھ LM ونڈ پاور بلیڈز USA کی طرف سے تیار کردہ بلیڈز مینوفیکچرنگ شامل ہے، نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے کے لیے ان دونوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

اس سرمایہ کاری میں 2035 تک آف شور ونڈ کی کل علاقائی طلب کا تقریباً ایک تہائی فراہم کرنے کی صلاحیت موجود ہے، جس سے 968$ ملین کی سرکاری اور نجی فنڈنگ کھل جائے گی، جس کے نتیجے میں مروجہ اجرت اور پروجیکٹ لیبر کے معاہدوں کی مدد سے 1,700 براہ راست اور بالواسطہ ملازمتیں پیدا ہوں گی، اور ریاست میں براہ راست خرچ ہونے والی رقوم میں 3$ بلین کی صورت سامنے آئے گی۔ مزید برآں، یہ پروجیکٹس دستیاب وفاقی ٹیکس کریڈٹس کے ساتھ بھی مطابقت رکھتے ہیں، جو نیو یارک کے شرح دہندگان کو مستقبل کی بچت کے قابل بناتے ہیں۔

نیو یارک کی زمین پر مبنی قابلِ تجدید توانائی کی خریداری

مزید برآں، نیو یارک نے مشروط زمین پر مبنی بڑے پیمانے پر قابل تجدید ایوارڈز کے اپنے تازہ ترین دور کا بھی اعلان کیا ہے، جو کہ 14 نئے سولر پروجیکٹس، ہوا سے بجلی پیدا کرنے کے چھ پروجیکٹس، ایک نئے ونڈ پروجیکٹ، اور ایک سروس کی طرف واپسی والے ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹ، پر مشتمل ہے، جو مجموعی طور پر

2,410 میگا واٹ بناتے ہیں - جو کم از کم 20 سالوں تک سالانہ نیو یارک کے 560,000 گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی نئی قابل تجدید پیداوار دیتے ہیں۔ توقع ہے کہ ان پروجیکٹس سے براہ راست سرمایہ کاری میں 4$ بلین سے زیادہ کی حوصلہ افزائی ہو گی اور ریاست نیو یارک میں 4,100 سے زیادہ اچھی تنخواہ والی مختصر اور طویل مدتی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

خطے کے لحاظ سے پروجیکٹس میں شامل ہیں:

مرکزی نیو یارک

- **اوکس بو ہِل سولر: سائپرس کریک رینیوایبلز** کی جانب سے ٹاؤن آف فینر، میڈیسن کاؤنٹی میں 140 میگا واٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔

فنگر لیکس

- **گریول روڈ سولر: ڈیلاویئر ریور سولر** کی جانب سے ٹائر اور سینیکا فالز، سینیکا کاؤنٹی کے قصبوں میں 128 میگا واٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **بیچری سولر: VC رینیوایبلز، LLC** کی جانب سے کیلیڈونیا، لیونگسٹن کاؤنٹی میں 19.99 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **سن ایسٹ ہیمپٹن کارنرز سولر: کارڈیلیو پاور** کی جانب سے گروولینڈ، لیونگسٹن کاؤنٹی میں 19.99 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **سن ایسٹ نیاگرا سولر: کارڈیلیو پاور** کی جانب سے کیلیڈونیا، لیونگسٹن کاؤنٹی میں 19.99 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **وائٹ کریک سولر، AES :LLC** کی جانب سے ٹاؤنز آف یارک اور لیسیسٹر، لیونگسٹن کاؤنٹی میں 135 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **ہیم لاک رِج سولر: AES** کی جانب سے ٹاؤنز آف بار اور شیلبے، اورلینز کاؤنٹی میں 200 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **والکور بلس ونڈ پارک: AES** کی جانب سے ٹاؤن آف ایگل، وائیومنگ کاؤنٹی میں 100.5-میگاواٹ کی ایک ونڈ سہولت گاہ بنائی جائے گی۔
- **والکور ویدرزفیلڈ ونڈ پارک: AES** کی جانب سے ٹاؤن آف ویدرز فیلڈ، وائیومنگ کاؤنٹی میں 126-میگاواٹ کی ایک ونڈ سہولت گاہ بنائی جائے گی۔

موہاک ویلی

- **ڈولج ویل ہائیڈرو: انرجی اوٹاوا NY جنریشن لمیٹڈ** کی جانب سے ہرکائمر کاؤنٹی کے شہر ڈولج ویل میں 5 میگاواٹ ہائیڈرو الیکٹرک سہولت گاہ کے لیے کام جاری رکھا جائے گا۔
- **سن ایسٹ ملرز گروو سولر: کارڈیلیو پاور** کی جانب سے ٹاؤن آف شیولر، ہرکائمر کاؤنٹی میں 19.99 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔

شمالی ملک

- **شمالی ملک ونڈ: ٹیرا جین ڈویلپمنٹ کمپنی، LLC** کی جانب سے ٹاؤنز آف برکے اور چیٹاؤگے، فرینکلن کاؤنٹی میں 298.2 میگاواٹ کی ونڈ سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **ریور سائیڈ سولر: AES** کی جانب سے ٹاؤنز آف لائم اور براؤن ویل، فرینکلن کاؤنٹی میں 100 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **سن ایسٹ موریس سولر: کارڈیلیو پاور** کی جانب سے ٹاؤن آف گوورنیور، سینٹ لارنس کاؤنٹی میں 19.99 میگا واٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **والکور الٹونا ونڈ پارک: AES** کی جانب سے ٹاؤن آف الٹونا، کلنٹن کاؤنٹی میں 97.5-میگاواٹ کی ایک ونڈ سہولت گاہ بنائی جائے گی۔
- **والکور چیٹاؤگے ونڈ پارک: AES** کی جانب سے ٹاؤن آف چیٹاؤگے، فرینکلن کاؤنٹی میں 106.5-میگاواٹ کی ایک ونڈ سہولت گاہ بنائی جائے گی۔
- **والکور کلنٹن ونڈ پارک: AES** کی جانب سے ٹاؤن آف کلنٹن، کلنٹن کاؤنٹی میں 100.5-میگاواٹ کی ایک ونڈ سہولت گاہ بنائی جائے گی۔

- **والکور ایلن برگ ونڈ پارک: AES** کی جانب سے ٹاؤن آف ایلن برگ، کلنٹن کاؤنٹی میں 81-میگاواٹ کی ایک ونڈ سہولت گاہ بنائی جائے گی۔

جنوبی سلسلہ

- **کلیر ویو سولر: VC رینیوایبلز، LLC** کی جانب سے ٹاؤن آف کوہوکٹن، سٹیوبن کاؤنٹی میں 19.99 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔
- **اسٹون وال سولر: نیکسیمپ** کی جانب سے ٹاؤن آف میریڈتھ، ڈیلاویئر کاؤنٹی میں 145 میگاواٹ کی سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی جس کے ساتھ ایک ہی مقام پر 20 میگاواٹس کی توانائی کی اسٹوریج واقع ہے۔

مغربی نیو یارک

- **سومرسیٹ سولر: سومرسیٹ سولر، LLC** کی جانب سے ٹاؤن آف سومرسیٹ، نیاگرا کاؤنٹی میں 125 میگاواٹ کی ایک سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی۔

نیو یارک سے باہر

- **منرل بیسن سولر: سوفٹ کرنٹ انرجی** کی جانب سے ٹاؤن شپس آف گیرارڈ اینڈ گوشن، کلیئر فیلڈ کاؤنٹی، پینسلوانیا میں 401.6-میگاواٹ کی ایک سولر سہولت گاہ تعمیر کی جائے گی، اور نیو یارک برقی گرڈ میں توانائی کی ترسیل انجام دی جائے گی۔

پروجیکٹس کے عرصۂ حیات کے دوران صارفین کے لیے اوسط بل کا اثر تقریباً 0.31 فیصد، یا تقریباً $0.32 فی مہینہ ہو گا۔ معاہدوں کے عرصۂ حیات کے دوران ایوارڈ یافتہ ٹائر 1 پروجیکٹس کی اوسط ترقیاتی لاگت $60.93 فی میگاواٹ-گھنٹے ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ ان پروجیکٹس کے ذریعے ریاست کے موسمیاتی ایکٹ کے مطابق پسماندہ کمیونٹیز کی مراعات کو ترجیح دی جا رہی ہے، جس میں ڈویلپرز کی جانب سے NYSERDA کو اپنی تجاویز کے حصے کے طور پر پسماندہ کمیونٹیز کے لیے $108 ملین سے زائد رقوم کے وعدے کیے گئے ہیں۔ ان پروجیکٹس کے نتیجے میں MWBEs اور SDVOBs کے اخراجات میں $38 ملین سے زائد رقم کے وعدے بھی متوقع ہیں۔

ریاست ان کمیونٹیز پر زور دیتی رہے گی اور ان کے ساتھ مصروفیت کو بڑھاتی رہے گی جہاں یہ پروجیکٹس تیار کیے جا رہے ہیں۔ NYSERDA مقامی حکومتوں کو یہ سمجھنے میں مدد دینے کے لئے مفت وسائل اور تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے کہ ان کی کمیونٹیز میں صاف توانائی کی ترقی کا ذمہ دارانہ نظم و نسق کیسے کیا جائے، بشمول صاف توانائی کے نفاذ کی رہنمائی کے لئے مرحلہ وار ہدایات اور ٹولز جن میں پرمٹ حاصل کرنے کے طریقہ ہائے کار، پراپرٹی ٹیکسز، سائٹ تیار کرنا، زون بنانا، اور مزید بہت کچھ شامل ہیں۔

ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن کے صدر Rory M. Christian نے کہا، "ریاست نیو یارک میں قابل تجدید توانائی کی ترقی اور توسیع پر، میں گورنر Hochul کے مسلسل عزم اور ثابت قدمی کی تعریف کرتا ہوں۔ نیو یارک کے بجلی کے صارفین کو ان پروجیکٹس سے بہت فائدہ پہنچے گا، اور گورنر Hochul ان پروجیکٹس کو آگے بڑھانے کے لیے تحسین کی حقدار ہیں۔"

لانگ آئیلینڈ پاور اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر Thomas Falcone نے کہا، "LIPA فخر کے ساتھ گورنر Hochul کے ساتھ کھڑا ہے کیونکہ ہم قابل تجدید توانائی میں اس یادگار سرمایہ کاری سے تاریخ رقم کر رہے ہیں۔ یہ پروجیکٹس ایک پائیدار مستقبل کے لیے ایک مشترکہ عزم کا حصہ ہیں، جو ہماری کمیونٹیز کو صاف، قابل بھروسہ، اور سستی بجلی فراہم کرنے کے LIPA کے وژن سے براہ راست ہم آہنگ ہیں۔ گورنر Hochul کی جانب سے اس امر میں انقلابی تبدیلی لائی جا رہی ہے کہ ہم کس طرح نیو یارک کو طاقتور بناتے ہیں جبکہ اسی اثنا میں ایک نئی صنعت میں ہزاروں ملازمتیں پیدا کی جا رہی ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنرBasil Seggos نے کہا، "نیو یارک کے آف شور ونڈ اور قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس میں اہم سرمایہ کاری گورنر Hochul کے اس عزم کا ثبوت ہے کہ صاف توانائی کی معیشت کو آگے بڑھانے کے ساتھ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرتے ہوئے ریاست کی کمیونٹیز کو فائدہ پہنچایا جائے۔ میں آج کے دن اعلان کردہ ونڈ، سولر اور ہائیڈرو پروجیکٹس کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجوں سے نمٹنے کے حوالے سے گورنر صاحبہ کی تعریف کرتا ہوں جو نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے ایک سرسبز، زیادہ خوشحال، اور مساوی مستقبل کو یقینی بنانے میں مدد فراہم کر رہی ہیں۔"

ریاست نیو یارک محکمۂ لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، اس یادگار سرمایہ کاری سے قابل تجدید توانائی کے شعبے میں نیو یارک نہ صرف سب سے آگے بڑھ جائے گا بلکہ ہماری ریاست میں ہزاروں خاندانوں کو پالنے والی ملازمتوں کے وعدے کیے جائیں گے۔ جب ہم ایک پائیدار مستقبل کے لیے کام کرتے ہیں، تو ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہوتے ہیں کہ نیو یارک کے ہر شہری کو، خاص طور پر ہماری پسماندہ کمیونٹیز کو اس اقدام سے معاشی فوائد حاصل ہوں۔"

نمائندہ Nydia M. Velázquez نے کہا، "ماحولیاتی انصاف کے حصول کی خاطر ایک اہم کلید ہماری ریاست میں موجود ہے کہ وہ مزید قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس کو فروغ دینے کے لیے سرمایہ کاریاں کرے۔ میں نیو یارک شہر کی سب سے بڑی معدنی ایندھن جلانے والی سہولت گاہ، یعنی ریونس ووڈ جنریٹنگ اسٹیشن کو 'قابل تجدید ریوینس ووڈ' میں تبدیل کرنے کے امکان پر خاص طور پر پرجوش ہوں، جو کہ آف شور ونڈ کے لیے صاف توانائی کے نئے آپریشنز اور دیکھ بھال کا ایک مرکز ہے۔ اس منتقلی سے ہمارے ماحولیاتی اہداف میں مدد ملے گی، گرین یونین کی نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی، اور کوئینز بریج اور ریونس ووڈ ہاؤسز جیسی صفِ اول کی ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز کو فائدہ پہنچے گا۔ ان نئے آف شور ونڈ اور زمین پر مبنی قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس سے نہ صرف ہماری کمیونٹیز کو پائیدار قوت فراہم کی جائے گی بلکہ توانائی کی لاگت میں بھی کمی لائی جائے گی اور محنت کش خاندانوں کے لیے مزید ملازمتیں پیدا کی جائیں گی۔ نیو یارک کے توانائی کے مستقبل میں یہ اہم سرمایہ کاری کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ۔"

نمائندہ Paul Tonko نے کہا، "مجھے ہمیشہ سے ہی نیو یارک کے آف شور ونڈ اور صاف توانائی کی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت پر یقین تھا اور اس صنعت کو فروغ دینے والی پالیسی اور سرمایہ کاری کو آگے بڑھانے کے لیے وفاقی سطح پر انتہائی زور دیا گیا ہے۔ آج کا اعلان اسی خواب کی ایک تعبیر ہے۔ ہمارے علاقے میں ہنر مند لیبر اور جدت طرازی کی تاریخ کی داستان کے اس اگلے باب میں دارالحکومتی علاقے میں سینکڑوں اچھی اجرت والی سرسبز نوکریاں لائی جائیں گی جبکہ ہمارے صاف توانائی کے مستقبل کو آگے بڑھایا جائے گا اور آنے والی نسلوں کے لیے ہمارے ماحول کی حفاظت کی جائے گی۔ میں ان جرات مندانہ منصوبوں کو حقیقت بنانے کے لیے اپنے ریاستی اور تجارتی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں اور میں اپنے صاف توانائی کے مستقبل کو محفوظ بنانے اور کل کی ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے کام کرنا کبھی نہیں چھوڑوں گا۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "آج کا اعلان گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کی طرف سے ہمارے جرات مندانہ ماحولیاتی اہداف کے حصول کے لیے ایک واضح عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ پروجیکٹس نیو یارک کے 2.6 ملین شہریوں کے گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہونے والی بجلی پیدا کریں گے، معیاری تجارت اور یونین ملازمتیں پیدا کریں گے، اس سب کے ساتھ 2030 تک اپنے 70 فیصد قابل تجدید ذرائع تک پہنچنے کے لیے ہماری رفتار برقرار رکھی جائے گی۔"

ریاست نیو یارک بلڈنگ ٹریڈز کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "آج سولر، ونڈ اور قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس کے لیے ایک ایسے اہم سنگِ میل کی نشانی قائم ہوتی ہے جو نہ صرف نیو یارک کو اپنے پائیدار مقاصد تک پہنچنے میں مدد فراہم کرے گا، بلکہ ہمارے محنتی تاجروں اور تاجر خواتین کے لیے ہزاروں اچھی اجرت والے، یونین کیریئر بھی تخلیق کرے گا۔ یہ تاریخی سرمایہ کاری ہمارے صاف توانائی کے مستقبل کو روشن کرے گی اور نیو یارک کے تمام شہریوں کی زندگیوں کو بہتر بنائے گی، جس میں وہ لوگ شامل ہیں جنہیں اب ان پروجیکٹس پر کام کرنے، اپنے خاندانوں کی کفالت کرنے اور متوسط طبقے کے لیے زیادہ قابل رسائی راستہ اختیار کرنے کا موقع ملے گا۔ نیو یارک کے محنت کش طبقے کے شہریوں کی ترقی کے ساتھ صاف توانائی کے اقدامات کو ہموار کرنے پر، ہم گورنر Hochul کی مسلسل وابستگی کی تعریف کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک AFL-CIO کے صدر Mario Cilento نے کہا، "اس تاریخی سرمایہ کاری کے لیے میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد دے گی، اور بالآخر یہیں ریاست نیو یارک میں ٹھوس، متوسط طبقے کی، یونین ملازمتیں پیدا کرتے ہوئے اس جنگ کو جیتنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ اس بات کو یقینی بنانے کی جانب یہ اگلا قدم ہے کہ نیو یارک کا صاف توانائی کا مستقبل ایک اعلیٰ تربیت یافتہ اور

اعلیٰ ہنر مند یونین افرادی قوت کے ذریعے بنایا گیا ہو، چلایا جائے اور اس کی دیکھ بھال کی جائے۔ ہم موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے گورنر کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں جبکہ خاندان کو برقرار رکھنے والی یونین ملازمتیں تخلیق کی جائیں گی اور محفوظ رکھی جائیں گی۔"

نیو یارک سٹی سینٹرل لیبر کونسل، AFL-CIO کے صدر Vincent Alvarez نے کہا، "ہم آج اعلان کردہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں تاریخی سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کی تعریف کرتے ہیں۔ ان نئی سرمایہ کاریوں کے ساتھ مل کر مزدوری کے معیارات کے حوالے سے ریاست نے جو وعدے پہلے ہی کیے ہوئے ہیں وہ نیو یارک کی کامیاب اور صاف توانائی کی معیشت کی طرف منتقلی کو تیز کرنے میں مدد کریں گے جبکہ اچھی، خاندان کو برقرار رکھنے والی یونین ملازمتوں کی ترقی کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ریاست اور NYSERDA کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں کہ جب ہم قابل تجدید توانائی کے پورے شعبے کو ترقی دیتے ہیں تو کارکنوں کی آراء سنی جاتی رہیں۔"

لانگ آئیلینڈ فیڈریشن برائے لیبر، AFL-CIO کے صدر John Durso نے کہا، "ہم گورنر اور ان کی ٹیم کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں کہ جب ہم آف شور ونڈ انڈسٹری کو آگے بڑھائیں گے، اچھی یونین ملازمتیں پیدا کریں گے جو نہ صرف لانگ آئیلینڈ کی معیشت کو تقویت بخشیں گی بلکہ ہمارے ماحول کے لیے ایک تاریخی وابستگی بھی قائم کریں گی۔ لانگ آئیلینڈ فیڈریشن برائے لیبر، ایک اہم شراکت دار کے طور پر، ہماری مہارت اور لگن کے ساتھ، ہماری افرادی قوت کے مفادات کے تحفظ کے ساتھ صنعت کی ترقی کو تقویت دینے میں، آف شور ونڈ کی ترقی کی کامیابی کو یقینی بنانے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔"

IBEW لوکل یونین #3 بزنس مینیجر Christopher Erikson نے کہا، "آج کا اعلان واضح طور پر گورنر Hochul کے اس ارادے کی غمازی کرتا ہے کہ فروغ پذیر آف شور ونڈ انڈسٹری کے ساتھ آگے بڑھا جائے۔ اس عزم میں محنت کش مردوں اور خواتین کے لیے لیبر تحفظات، اچھی اجرت کی ضمانت، PLA کی شمولیت اور تعمیراتی تجارت سمیت سپلائی چین کے آجروں دونوں کے لیے افرادی قوت کی ترقی شامل ہے۔ یہ نیو یارک کے شہریوں، ہمارے آجروں، ہمارے ماحول اور آنے والی نسلوں کی صحت کے لیے خوش آئند ہے۔"

اتحاد برائے کلین انرجی نیو یارک کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Anne Reynolds نے کہا، "22 ونڈ، سولر اور ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹس کے علاوہ تین بڑے آف شور ونڈ توانائی کے پروجیکٹس کے لیے نئے معاہدے، نیو یارک کے ماحولیات اور بجلی کے نظام کے لیے اچھی خبر ہے۔ ان پروجیکٹس کی تعمیر کا مطلب یہ ہے کہ مزدوروں، الیکٹریشنز، اور دیگر عمارتی تجارت کرنے والوں کے لیے تعمیراتی ملازمتوں کے ساتھ نیو یارک کے شہریوں کے لیے ہوا بھی زیادہ صاف ہو جائے گی۔ قابل تجدید توانائی کی صنعت آج کے اعلانات کا خیرمقدم کرتی ہے اور ریاست نیو یارک کے ساتھ توانائی کی پرعزم منتقلی پر کام جاری رکھنے کی منتظر ہے۔"

نیو یارک آف شور ونڈ الائنس کے ڈائریکٹر Fred Zalcman نے کہا، "گورنر کی طرف سے آج کا یہ اعلان، جس کے تحت 4,000 میگاواٹ سے زیادہ آف شور ونڈ جنریشن کے لیے تین ٹھیکے دیئے گئے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ نیو یارک اس صاف، قابل تجدید اور روزگار پیدا کرنے والے وسائل کو دوگنا کرنے کے لیے تیار ہے، اور ایک ایسی مارکیٹ میں اعتماد پیدا کرنے کی طرف ایک طویل سفر طے کرے گا جس نے حال ہی میں زبردست بادِ مخالف کا سامنا کیا ہے۔"

نیو یارک کی لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "چونکہ ماحولیاتی بحران ہم پر اثرانداز ہو رہا ہے اور ہماری آبادی اور اس سیارے کی صحت معدنی ایندھن جلانے کے مضر اثرات کا شکار ہو رہی ہے، تو ہم اب اس بات کے متحمل نہیں ہو سکتے کہ قابل تجدید توانائی کے بارے میں صرف بات کی جائے، بلکہ ہمیں زمین پر حقیقی پروجیکٹس کی فراہمی درکار ہے۔ ایک اضافی 6.2 گیگاواٹ ونڈ، سولر، اور ہائیڈرو پاور کو ایوارڈ فراہم کرنا ریاست کے قابل تجدید توانائی کے اہداف پورے کرنے کی جانب ایک بڑا اقدام ہے اور صحت عامہ اور ماحولیات کے لیے ایک بڑی جیت ہے۔ قابل تجدید توانائی کی خریداری کے اس تازہ ترین دور میں آگے بڑھنے پر ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کی صدر Doreen Harris کو سراہتے ہیں۔"

سٹیزنز کیمپین برائے ماحولیات کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا، "موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات اس سال نیو یارک کو متاثر کرتے رہے ہیں جس میں نیو یارک شہر کے سب ویز میں مزید سیلاب آنا، ویسٹ چیسٹر میں مٹی کے تودے پھسل کر گرنا اور فائر آئیلینڈ اور لانگ آئیلینڈ کے جنوبی ساحل کے ساتھ نمایاں کٹاؤ پیش آنا شامل ہے۔ اب عمل کرنے کا وقت آ چکا ہے! قابل تجدید توانائی کی طرف منتقلی وہ بنیادی اقدام ہے جس کے لیے ہمیں ماحولیاتی تبدیلی سے لڑنے کی ضرورت ہے۔ آج کا اعلان ہماری ریاست میں صاف توانائی کو آگے بڑھانے میں ایک اہم موڑ ثابت کرتا ہے۔ ہم پرجوش اور پر امید ہیں کہ نیو یارک ہماری قوم کے لیے راہنمائی کرے گا تاکہ وہ نیو یارک کی طرح ہی بھرپور اور فیصلہ کن طریقے سے کام کر سکیں۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کی اس تاریخی کارروائی پر تعریف کرتے ہیں جو نہ صرف موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرے گی بلکہ اس کے نتیجے میں صاف ہوا، صحت مند کمیونٹیز اور ہماری معیشت کو ترقی ملے گی۔"

بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل برائے نساؤ اور سافک کاؤنٹیز کے صدر، اور نیشنل آف شور ونڈ ٹریننگ سینٹر کے صدر Matthew Aracich نے کہا، "یہاں ایک اور مثال ہمارے سامنے آتی ہے کہ گورنر Hochul اپنے عہد کا احترام کرتے ہوئے یہاں NY میں آف شور ونڈ انڈسٹری کو فروغ دے رہی ہیں۔ ان پروجیکٹس کی ضخامت سے بلاشبہ معاشی ترقی کو فروغ ملے گا جس کی گونج پوری ریاست میں سنائی دے گی اور ساتھ ہی ساتھ متوسط طبقے کو ایک حقیقی راستہ فراہم کیا جائے گا۔ آج کے اعلان میں مذکورہ کام سے ہنر مند لیبر کے رجسٹرڈ اپرنٹس شپ ٹریننگ پروگراموں کو بے مثال شرح سے بڑھنے کی اجازت ملتی ہے اور یہ لانگ آئیلینڈ کے خطے کے لیے ایک متحرک مستقبل کو برقرار رکھنے کی کلید ثابت ہو گا۔ جب ہم ایک لازمی پیمانے پر صاف توانائی کے پروجیکٹس بناتے ہیں، تو ہم معدنی ایندھن پر اپنا انحصار جلد از جلد ختم کر دیتے ہیں۔"

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 145 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 55$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ نیو یارک کے ماحولیاتی اقدام کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں جن میں تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 سے زیادہ مصدقہ کلائمیٹ اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 کلین انرجی کمیونٹیز، اور ریاست بھر کی 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ شراکت داریاں جاری ہیں، تاکہ فضائی آلودگی کو نشانہ بنانے اور موسمیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں